نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی ساہیوال ڈویژن کی کارکردگی کے لئے تحقیقاتی ادارہ جوار باجرہ ومکئی یوسف والا ضلع ساہیوال میں منعقدہ اجلاس کی صدارت

تمام افسران پیداواری اہداف کا حصول مقررہ مدت میں یقینی بنائیں۔کاشتکاروں کو کسان کارڈ کے متعلق مکمل معلومات فراہم کی جائیں۔وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور:04جولائی2021 (   ) موجودہ حکومت کی اولین ترجیح زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی ہے۔اس مقصد کے حصول کے لئے حکومت پنجاب نے تاریخ میں پہلی مرتبہ زراعت کا ترقیاتی 31 ارب روپے سے زائد کا بجٹ مختص کیا ہے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ کاشتکاروں تک فصلوں کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی بارے مکمل آگاہی فراہم کی جائے اوراس کے علاوہ تمام افسران پیداواری اہداف کا حصّول مقررہ مدت میں یقینی بنائیں ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے ساہیوال ڈویژن کی کارکردگی کے جائزہ کے لئے تحقیقاتی ادارہ جوار، باجرہ ومکئی یوسف والا میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کے دوران کیا۔اجلاس میں ساہیوال ڈویژن کے ڈائریکٹر زراعت (توسیع) شاہد حسین، ڈائریکٹر تحقیقاتی ادارہ جوار باجرہ ومکئی یوسف والا ڈاکٹر محمد ارشد، ڈائریکٹر آن فارم واٹر مینجمنٹ ارشاد موہل ,تحقیقاتی ادارہ برائے آلو ڈاکٹر سید اعجاز الحسن سمیت دیگر ذیلی شعبوں کے افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں صوبائی وزیر زراعت پنجاب کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ساہیوال ڈویژن میں خریف فصلات کپاس، گنا، مکئی، تل اور مونگ اپنے پیداواری اہداف کے مقابلہ میں بالترتیب 62 ،131،96،139 اور 269 فیصد کاشت کی گئیں۔امسال ساہیوال ڈویژن میں گندم کی ریکارڈ پیداوار 37 من فی ایکڑ حاصل ہوئی۔اس کے علاوہ کاشتکاروں کو مختلف زراعت (توسیع) کے جاری منصوبہ جات کی مد میں 4 کروڑ 78 لاکھ روپے سبسڈی فراہم کی گئی۔صوبائی وزیر زراعت نے اس موقع پر ساہیوال ڈویژن میں کسان کارڈ کے متعلق استفسار کیا جس پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ ساہیوال ڈویژن میں اب تک 22 ہزار سے زائد کاشتکاروں نے کسان کارڈ کے حصول کیلئے اپلائی کیا ہے اوران میں سے 2 ہزار 5 سو 55 کاشتکاروں کو کسان کارڈ تقسیم کر دیئے گئے ہیں۔صوبائی وزیر زراعت کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ تحقیقاتی ادارہ برائے جوار باجرہ ومکئی یوسف والا نے اب تک 43 سے زائد مکئی کی ہائبرڈ اقسام دریافت کی ہیں جنہیں پنجاب سیڈ کونسل نے عام کاشت کے لئے منظور کیا ہے۔مکئی کی یہ ہائبرڈ اقسام موسمی تبدیلیوں کے ساتھ مکمل مطابقت رکھتی ہیں اور زیادہ پیداواری صلاحیت کی حامل ہیں۔اس کے علاوہ ادارہ ہذٰا سالانہ 23 ہزار کلوگرام مکئی، جوار اور باجرہ کی ہائبرڈ اقسام کا بیج کاشتکاروں کو فراہم کر رہا ہے۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت کو ڈویژنل ڈائریکٹرز اصلاح آبپاشی ,تحقیقاتی ادارہ برائے آلو ودیگر نے بھی اپنی کارکردگی کے متعلق بریفنگ دی۔صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے ساہیوال ڈویژن کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور تمام افسران کو اپنے اہداف بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کی۔دورے کے اختتام پر صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے ایم ایم آر آئی یوسف والا میں لگائے گئے فیلڈ ٹرائلز کا معائنہ بھی کیا

☆☆☆☆